# اخبار الجامعہ

## جمعیت اہل حدیث اور مسلم لیگ کے زیر اہتمام جلسہ و جلوس اظہار تشکر

عالم اسلام کی پہلی ایٹمی قوت بننے پر پاکستانی عوام میں ہی نہیں' پوری اسلامی دنیا میں خوشی و مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر جہلم میں اظہار تشکر کے لیے جمعیت اہل حدیث اور مسلم لیگ نے ۲۹ مئی بعد نماز جمعہ مشترکہ طور پر جلسہ و جلوس کا اہتمام کیا۔

اس پروگرام کی منادی کے لیے جمعہ کے دن صبح سے ہی جمعیت اہل حدیث اور مسلم لیگ کے کارکنوں نے رکشوں پر مشترکہ جلسہ وجلوس کا اعلان کرنا شروع کر دیا۔ علاوہ ازیں شہر کی بیشتر مساجد میں بالخصوص جامعہ علوم اثریہ کی زیر انتظام تمام مساجد میں خطباء حضرات نے اس پروگرام کا اعلان کیا۔ جس کے نتیجہ میں سوا دو بجے سے ہی لوگ جامعہ علوم اثریہ میں جمع ہونا شروع ہو گئے۔ تین بجے تک تمام یونٹوں کے لوگ پہنچ چکے تھے۔ لہذا رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی زیر قیادت جلوس ترتیب دیا گیا۔ جلوس کے شرکا نے جمعیت اہلحدیث کے جھنڈے اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور پرجوش نعرے لگا رہے تھے۔ ایک جیپ پر سپیکر فٹ تھا۔ جس سے مشترکہ نعرے لگوائے جا رہے تھے۔ یہ جلوس نیا محلہ سے سول لائن - شاندار چوک - راجہ بازار - چاندنی چوک - مین بازار سے ہوتا ہوا چوک اہلحدیث پہنچا وہاں سے پھر سول لائن سے ہوتے ہوئے شاندار چوک میں جلسہ گاہ میں پہنچا۔ اسی دوران نماز عصر کا وقت ہو گیا تو تمام لوگ جلوس کی شکل میں نماز پڑھنے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث پہنچے۔ نماز کے بعد شاندار چوک پہنچے تو کچھ ہی دیر کے بعد مسلم لیگ کا ایک بہت بڑا جلوس راجہ محمد افضل خان کی قیادت میں جلسہ گاہ پہنچا تو جلسہ کی باقاعدہ کاروائی کا آغاز ہوا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر جامعہ اثریہ للبنات حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ اس سے قبل جامعہ کے مختلف طلبہ نے تلاوتیں اور نظمیں پڑھیں۔ جلسہ سے اہل حدیث یوتھ فورس کوٹلہ آئمہ کے سیکرٹری جنرل عاطف جواد نے بڑا پرجوش خطاب کیا۔ اس کے علاوہ راجہ محمد افضل خان ایم۔ این۔ اے۔ چوہدری سعید اقبال ایم۔ پی۔ اے شیخ محمد اصغر ایڈووکیٹ صدر مسلم لیگ - راجہ محمد اختر خان کونسلر اور دیگر کارکنوں نے خطاب کیا۔

اس عظیم الشان جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی نے سب سے پہلے تو اپنے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ جس نے پاکستان کو ایٹمی قوت بننے کی توفیق عطا فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نواز شریف - مسلح افواج کے سربراہان بالخصوص جنرل جہانگیر کرامت اور مسلم لیگی حکومت کو خراج تحسین پیش کیا کہ انہوں نے عالم کفر کی طاغوتی طاقتوں کے دباؤ اور دھمکیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے واجپائی کا ایٹمی خمار اتارنے کے لیے یکے بعد دیگرے چھ ایٹمی دھماکے کر دیئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لئے جس طرح ایٹمی دھماکے ضروری تھے اسی طرح پاکستان کی اقتصادی اور معاشی ترقی کے لیے کالاباغ ڈیم کی تعمیر بھی ضروری ہے۔ اور ایسے ہی اپنی اور پاکستانی عوام کی اخروی نجات کے لیے مکمل اسلامی نظام کا نفاذ بھی اشد ضروری ہے۔ اس کے بغیر پاکستان نہ تو ترقی کر سکتا ہے اور نہ ہی ملک کی سالمیت محفوظ رہ سکتی ہے۔ علامہ مدنی نے پرزور مطالبہ کیا کہ ملک عزیز میں بلا تاخیر مکمل اسلامی نظام نافذ کیا جائے۔

شدت گرمی کے باوجود جلسہ و جلوس کا یہ پروگرام انتہائی مثالی رہا۔

# مرکز ابن القاسم الاسلامی ملتان کے طلبہ کے مطالعاتی ٹور کی آمد

گذشتہ دنوں مرکز ابن القاسم کے طلبہ کا سیاحتی ٹور ایک روزہ دورہ پر جہلم پہنچا ۔ وفد میں اساتذہ اور عملہ سمیت کل ساٹھ افراد تھے ۔ پہلے روز انہوں نے منگلا ڈیم کی سیر کی ۔ مغرب کے بعد جامعہ میں ان کے کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ نماز عشاء کے بعد رئیس الجامعہ نے تمام طلبہ کو تربیتی خطاب فرمایا جس میں انہیں ذوق و شوق کے ساتھ علم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ عمل کی تلقین کی ۔ اگلے روز صبح ناشتہ کرنے کے فوراً بعد وفد اسلام آباد روانہ ہوگیا ۔

## جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر مولانا محمد خان شیرانی ایم۔این۔اے اور سینیٹر مولانا عصمت اللہ خان کی جامعہ تشریف آوری

گذشتہ دنوں امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان مولانا محمد خان شیرانی کا اپنے وفد کے ہمراہ جب جہلم تشریف لائے تو انہوں نے جامعہ علوم اثریہ دیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا ۔ جس پر ان کے میزبان ضلعی امیر حافظ خالد محمود صاحب انہیں جامعہ لے آئے ۔ ایک چھوٹے سے شہر میں ایک بڑا جامعہ دیکھ کر معزز مہمان نے بڑی خوشی کا اظہار کیا ۔ بالخصوص جامعہ کی عظیم الشان لائبریری دیکھ کر وہ بڑے متاثر ہوئے ۔ اور بعض اہم اور نایاب کتابوں میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا۔

## ششماہی امتحانات

آج کل جامعہ میں ششماہی امتحانات ہو رہے ہیں ۔ اندرون بیرون شہر جامعہ کی تمام شاخوں میں قائم شعبہ حفظ و ناظرہ کے امتحانات ہوگئے ہیں ۔ شعبہ حفظ کا امتحان مستقل ممتحن استاذ القراء قاری محمد ادریس صاحب عاصم لاہوری اور حافظ فیاض احمد صاحب نے لیا ۔ امتحان کے بعد انہوں نے شعبہ حفظ کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

جامعہ کے شعبہ درس نظامی (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) کے امتحانات کی ڈیٹ شیٹ جامعہ کے اعلان بورڈ پر آویزاں کردی گئی ہے ۔ جس کے مطابق مورخہ بدھ یکم جولائی سے ۹ جولائی تک پرچہ جات ہونگے۔ تمام طلبہ کو رولنمبر بھی جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ان دنوں طلبہ امتحانات کی خوب تیاری کر رہے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دنیا و آخرت کے امتحانات میں کامیاب فرمائے ۔ آمین۔

# چار طلبہ کی تکمیل حفظ قرآن مجید پر درس قرآن

گذشتہ دنوں جامعہ کے شعبہ حفظ کے چار طلبہ (۱ ۔ خرم شہزاد ۲۔ آفتاب احمد خودر ضلع جہلم ۳۔ عمران عزیز کھاریاں ۴۔ محمد شریف اللہ نورستان ) نے قرآن مجید مکمل کیا تو انہوں نے اس پر مسرت موقع پر ایک تقریب کا اہتمام کیا ۔ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے نماز عشاء کے بعد درس قرآن میں فضائل حفظ قرآن بیان کیے۔ اور طلبہ کو عام وعظ و نصیحت بھی کی۔ بعد ازاں تمام طلبہ میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

# جامعہ اثریہ للبنات کی طالبہ کا اعزاز

## وفاق کے امتحان میں پاکستان

## بھر میں اول پوزیشن حاصل کی

جامعہ اثریہ للبنات جہلم کی ہونہار اور خوش قسمت طالبہ / مہناز عبدالقدوس نے وفاق المدارس السّلفیہ کی قسم عالیہ کے سالانہ امتحانات میں پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کی ہے ۔

انتظامیہ جامعہ خوش قسمت طالبہ مہناز کو اس موقع پر مبارکباد پیش کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا اقبال مزید بلند کرے اور دنیا و آخرت کے تمام امتحانوں اور آزمائشوں میں اسے کامیاب وکامران فرمائے۔ آمین ۔

طالبہ مہناز نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس کامیابی پر میں اللہ کے حضور شکر گزار ہوں ۔اور یہ کامیابی اسی کے فضل وکرم کا نتیجہ ہے ۔اور پھر میرے والدین کی دعاؤں کا بھی بھی بڑا عمل دخل ہے اس کے ساتھ ساتھ جامعہ میں میری اساتذہ کی محنت اور خصوصی توجہ سے اتنی بڑی کامیابی حاصل ہوئی ۔

## دو ماہ کی تعطیلات کے دوران جامعہ للبنات میں ترجمہ قرآن کلاس

موسم گرما میں دو ماہ کی تعطیلات کے دوران جامعہ اثریہ للبنات میں ترجمہ کلاس کا اجراء کیا گیا ہے۔ یہ کلاس صبح نو بجے سے گیارہ بجے دوپہر تک ہوتی ہے ۔ جس میں کافی تعداد میں مقامی طالبات اور دیگر مستورات ذوق و شوق سے شریک ہو رہی ہیں۔ یاد رہے کہ اسی قسم کی کلاس کا اجراء رمضان المبارک میں بھی کیا جاتا ہے ۔ جس کی بناء پر طالبات اور دیگر تعلیم یافتہ اور گھریلو خواتین میں قرآن فہمی کا ذوق پیدا ہو رہا ہے ۔

اس کلاس میں شرکت کی خواہش مند طالبات اور خواتین سے گزارش ہے کہ وہ بلا تاخیر مدیرۃ الجامعہ سے رجوع کریں ۔

## محمد اشرف آف الخبر ( سعودی عرب ) کو صدمہ

محمد اشرف صاحب اور محمد اقبال صاحب کی والدہ محترمہ فضل نور صاحبہ کافی عرصہ صاحب فراش رہنے کے بعد گذشتہ دنوں جہلم میں انتقال فرماگئیں ۔انا للہ و انا الیہ راجعون

مرحومہ بڑی نیک، متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں اور وہ جامعہ کے ساتھ ہمیشہ تعاون فرمایا کرتی تھیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کی نیکیوں کو قبول فرمائے اور ان کی غلطیوں کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے ۔آمین اللهم اغفرلها وارحمها ۔

ادارہ ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ۔اور مرحومہ کے لیے انہیں صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین